**13.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................کلیم احمد

**Music**

\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آرٹ، ادب، سائنس اور سماجی خدمات کے شعبوں سے تعلق رکھنے والی چار نامور شخصیات کو راجیہ سبھا کیلئے نامزد کیا ہے۔

☆ وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے سنگاپور کے اپنے ہم منصب **Vivian** بالاکرشنن کے ساتھ دو طرفہ تعاون کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ سنگاپور، بھارت کی مشرق نواز پالیسی میں ایک کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔

☆ وفاقی تحقیقاتی بیورو **FBI** نے بین الاقوامی دہشت گردی نیٹ ورک پر بڑی کارروائی کرتے ہوئے امریکہ میں **8** خالصتانی دہشت گردوں کو گرفتار کیا ہے۔

☆ بھارتی خلاء باز گروپ کیپٹن شُبھانشو شُکلا اور **Axiom-4** مشن کے عملے کے ارکان کل زمین پر واپس آنے کیلئے اپنا سفر شروع کریں گے۔

☆ ومبلڈن ٹینس میں، آج رات لندن میں مردوں کے سنگلز کے فائنل میں اعلیٰ درجے کے کھلاڑی **Jannik Sinner** کا سامنا دفاعی چیمپئن **Carlos Alcaraz** سے ہوگا۔

☆ اور کرکٹ میں، لارڈس میں اینڈرسن - تینڈولکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن آج میزبان انگلینڈ، بھارت کے خلاف اپنی دوسری اننگز میں بغیر کسی نقصان کے **2** رن سے آگے کھیلے گا۔

\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PREZ NOMINATION**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ممتاز وکیل اُجول دیوراؤ نکم، سماجی کارکن **C Sadananadan** ماسٹر، سابق خارجہ سکریٹری ہرش وردھن شرنگلا اور تاریخ داں اور ماہر تعلیم ڈاکٹر میناکشی جین کو راجیہ سبھا کے لیے نامزد کیا ہے۔

داخلی امور کی وزارت نے اپنے ایک نوٹی فکیشن میں اِس فیصلے کے بارے میں مطلع کیا ہے۔ مہاراشٹر سے تعلق رکھنے والے اُجول نِکم نے ممبئی دہشت گردانہ حملے کے کیس میں ایک سرکاری وکیل کے طور پر خدمات انجام دی ہیں۔

کیرالہ سے تعلق رکھنے والے **C Sadananadan** ماسٹر، کا تعلیم میں ایک طویل کیریئر رہا ہے۔ جناب ہرش وردھن شرنگلا، امریکہ، بنگلہ دیش اور تھائی لینڈ میں سفیر کے طور خدمات انجام دے چکے ہیں۔

انہوں نے **2023** میں بھارت کی جی۔ٹوئنٹی کی صدارت کے لئے اعلیٰ رابطہ کار کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دی ہیں۔ ڈاکٹر میناکشی جین گارگی کالج دہلی یونیورسٹی میں تاریخ کی ایسوسیئیٹ پروفیسر کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکی ہیں۔ صدر جمہوریہ نے آرٹس، ادب، سائنسز اور سماجی خدمات کے شعبوں میں گرانقدر کردار ادا کرنے کے لیے **12** شخصیات کو راجیہ سبھا کے لیے نامزد کیا ہے۔

وزیراعظم نریندرمودی نے سلسلے وار میڈیا پوسٹ پر ان سبھی کو راجیہ سبھا کے لئے نامزد کئے جانے پر مبارکباد دی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ قانون کے شعبے اور آئین کے تئیں اجول نکم کی والہانہ وابستگی مثالی ہے۔ انہوں نے ہرش وردھن شرنگلا کو ایک سفارتکار، دانشور، اور اسٹریٹجک مفکر قراردیا۔

جناب سی سدانندن کو مبارکباد دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ان کی زندگی، جرأت اور نا انصافی کے سامنے نہ جھکنے کا مظہر ہے ۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ تعلیم ، ادب، تاریخ اور سیاسیات کے شعبوں میں ڈاکٹر میناکشی جین کے کام نے علمی کاوشوں کو نمایاں طور پر آگے بڑھایا ہے۔ اس اعلان پر ردعمل ظاہرکرتے ہوئے، خصوصی سرکاری وکیل اجّول نِکم نے اسے فخر کا لمحہ قراردیا۔

## JAISHANKAR SINGAPORE

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج سنگاپور کے اپنے ہم منصب **Vivian** بالاکرشنن سے ملاقات کی اور دو طرفہ اشتراک و تعاون کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے، جو کہ سنگاپور کے دورے پر ہیں، کہا کہ سنگاپور، بھارت کی مشرق نواز پالیسی میں ایک کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔

اُدھر دوسری طرف سنگاپور کے وزیرِ خارجہ **Vivian** بالاکرشنن نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ چونکہ دنیا کا کثیر قطبی نظام میں تبدیل ہونا ناگزیر ہے، ایسے میں بھارت مواقع کی اِس بڑی کثیر قطبی دنیا میں ایک اہم رول ادا کرے گا۔

سنگاپور کے اپنے دورے کے بعد وزیر خارجہ، چین کے شہر **Tianjin** جائیں گے، جہاں وہ شنگھائی تعاون کونسل کے تحت وزراء خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔×

## KHALISTAN TERRORIST ARREST

امریکہ میں، فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن FBI- نے دہشت گردی کے ایک بین الاقوامی نیٹ ورک کے خلاف ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے، ملک بھر سے آٹھ خالصتانی دہشت گردوں کو گرفتار کیا ہے۔ گرفتار کئے گئے افرادمیں، پنجاب میں سرگرم گینگسٹر Pavittar سنگھ بٹالا شامل ہے ، جو ممنوعہ گروپ ببّر خالصہ انٹرنیشنل BKI سے سے منسلک دہشت گردانہ سرگرمیوں کے لئے بھارت کی قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA کو مطلوب ہے۔

جون میں، NIA نے ایک فرد جرم میں جتیندر Joti اور BKI کے نامزد دہشت گرد لکھبیر Landa کے ہمراہ بٹالا کو نامزد کیا تھا۔ Special Weapons and Taktics ٹیموں کے ذریعہ دلپریت سنگھ ، عرش پریت سنگھ، امرت پال سنگھ، وشال ، پوترسنگھ، گُرتاج سنگھ، من پریت رندھاوا اور سرب جیت سنگھ کو حراست میں لئے جانے کے بعد اورکثیر ایجنسی تحقیقات کے بعد، یہ گرفتاریاں کی گئی ہیں۔

بھارتی انٹلی جنس ایجنسیوں کے مطابق سبھی مشتبہ افراد ، ایک گینگسٹر نیز دہشت گردانہ نیٹ ورک کا حصہ ہیں۔××

## AXIOM MISSION SHUKLA

بھارت کے خلاء باز ، گروپ کیپٹن شوبھانشو شکلا اور Axiom-4 مشن کے عملے کے تین دیگر ارکان کے کُل زمین پر واپسی کا اپنا سفر شروع کرنے کا امکان ہے۔ سائنس اور ٹکنالوجی کے وزیرڈاکٹر جتیندرسنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ ان کی زمین پر واپسی کا عمل کُل بھارتی وقت کے مطابق شام چار بج کرتیس منٹ شروع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عملے کے ارکان منگل کو بھارتی وقت کے مطابق دو پہر لگ بھگ تین بجے زمین پر پہنچ جائیں گے۔

گروپ کیپٹن شکلا، بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کے 14 روزہ مشن پر ہیں۔ وہ 1964 میں خلاء کا سفر کرنے والے ونگ کمانڈر راکیش شرما کے بعد ، دوسرے بھارتی خلاء باز اور بین الاقوامی خلائی اسٹیشن جانے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔ اس سفر کے دوران ، گروپ کیپٹن شکلانے بھارت کیلئے مخصوص سات تجربات انجام دئے۔

اترپردیش کے لکھنؤ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے گروپ کیپٹن شوبھانشو شکلا کی والدہ، آشا شکلا نے کہا کہ وہ خدا سے دعاگو ہیں کہ وہ کامیابی سے اپنا مشن مکمل کریں اور جتنا جلد ممکن ہو زمین پر واپس آجائیں۔

دوسری جانب شوبھانشو شکلاکے والد شمبھو دیال شکلا نے کہا کہ وہ خدا سے دعا کررہے ہیں کہ وہ بحفاظت واپس آجائیں۔

## BIHAR SIR REVELATIONS

بہار میں، جاری ووٹر لسٹ کی خصوصی نظرِ ثانی SIR مہم نے BLO کے ذریعے گھر گھر جاکر ووٹروں کی تصدیق کی دوران نیپال ، بنگلہ دیش اور میانما کے شہریوں کی بڑی تعداد کا کامیابی سے پتہ لگایا ہے۔ چناؤ کمیشن کے ذرائع نے بتایا کہ ڈیوٹی پر موجود BLOs کو یہ انکشاف ہوا ہے کہ یہ افراد تمام دستاویزات بشمول آدھار ، سکونت سے متعلق سرٹیفکیٹ ، راشن کارڈ اور دیگر حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔ SIR کے دوران ہونے والے اِن انکشافات سے کچھ خدشات کی تصدیق ہوتی ہے اور چناؤ کمیشن کی طرف سے اِن خدشات کو مناسب طریقے سے دور کیا جارہا ہے۔ انتخابی کمیشن کے ذرائع کا کہنا ہے کہ پہلی اگست سے 30 اگست تک مناسب انکوائری کے بعد ، اگر یہ بات درست پائی جاتی ہے تو اِس سال 30 ستمبر کو شائع ہونے والی حتمی فہرست میں ایسے نام شامل نہیں کئے جائیں گے۔ x

## IMD WEATHER

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے، مدھیہ پردیش، راجستھان، گجرات اور اتراکھنڈ میں آج شدید سے بہت شدید بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں ڈاکٹر آر۔کے جینامنی نے کہا کہ اگلے تین سے چار روز کے دوران اتراکھنڈ اور راجستھان کے کچھ حصوں میں شدید بارش کا سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگلے دو روز کے دوران مغربی بنگال، سکم، بہار، جھارکھنڈ اور اُڈیشہ سمیت ملک کے مشرقی علاقوں میں بھی اسی طرح کے حالات رہیں گے۔

IMD نے کہا کہ آج کیرالہ اور ساحلی کرناٹک میں شدید بارش ہونے کا امکان ہے، جبکہ ملک کے شمال مشرقی حصے میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

اِسی دوران ہماچل پردیش کے متعدد علاقوں میں شدید بارش ہورہی ہے۔ شملہ کے موسمیات مرکز نے منڈی ، شملہ ، سولن اور Sirmaur ضلعوں میں شدید بارش کیلئے آج Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ x

## WHO AYUSH

عالمی ادارہ صحت WHO نے مصنوعی ذہانت (AI) کو روایتی ادویات ، خاص طور پر آیوش نظام کے ساتھ مربوط کرنے سے متعلق بھارت کی اہم کوششوں کو تسلیم کیا ہے۔ اپنے پہلے تکنیکی مختصر عنوان ''روایتی ادویات کو لاگو کرنے میں مصنوعی ذہانت کے اطلاق کی نقشہ سازی'' میں، ڈبلیو ایچ او نے آیورویدِ، سِدھا، یونانی Sowa Rigpa اور ہومیوپیتھی میں AI کے استعمال سے متعلق بھارت کی ترقی کو نمایاں کیا ہے۔ x

## NK RUSSIA SUPPORT

شمالی کوریا کے لیڈر کم جونگ-اُن نے، یوکرین کے خلاف جنگ میں ، روس کی جانب سے کئے جانے والے سبھی اقدامات کے لئے شمالی کوریا کی غیرمشروط حمایت کی توثیق کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملک سبھی کلیدی نوعیت کے اسٹریٹجک امور پر اپنے باہم نظریات کا اظہار کرتے ہیں۔ کم جونگ-اُن نے **Wonsan** میں روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاؤ روف کے ساتھ ایک ملاقات کے دوران، ان خیالات کا اظہار کیا۔ وزیر خارجہ لاؤ روف ، شمالی کوریا کے تین روزہ دورے پر ہیں۔××

## WIMBLEDON TENNIS

**Wimbledon Tennis** میں آج رات لندن کے سینٹر کورٹ میں مردوں کے سنگلز کے فائنل میں اٹلی کے اعلیٰ درجے کے کھلاڑی **Jannik Sinner** کا مقابلہ اسپین کے دوسرے درجے کے کھلاڑی اور دو مرتبہ کے دفاعی چیمپئن **Calos Alcaraz** سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔ سیمی فائنل میں **Sinner** سات مرتبہ کے چیمپئن نوواک جوکووِچ کو ہراکر، جبکہ **Alcaraz** امریکہ کے کھلاڑی **Taylor Fritz** کو ہراکر فائنل میں پہنچے ہیں۔ **Sinner** اور **Alcaraz** لگاتار دوسرے **Grand Slam** خطاب کیلئے فائنل میں ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہوں گے۔ اِس سے پہلے پچھلے مہینے فرنچ اوپن کے ایک دلچسپ فائنل میں دونوں کھلاڑی ایک دوسرے کا سامنا کرچکے ہیں۔ اِس میچ کو **Alcaraz** نے جیتا تھا۔

خواتین کے سنگلز میں **Iga Swiatek** نے آل انگلینڈ کلب میں ایک طرفہ فائنل میں **Amanda Anisimova** کو شکست دے کر خواتین کے سنگلز میں اپنا پہلا خطاب جیت لیا ہے۔ ×

## CRICKET

کرکٹ میں، لارڈس میں اینڈرسن - تینڈولکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن آج میزبان انگلینڈ، بھارت کے خلاف اپنی دوسری اننگز میں بغیر کسی نقصان کے **2** رن سے آگے کھیلے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ انگلینڈ نے کل تیسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک بغیر کوئی وکٹ کھوئے **2** رن بنائے تھے۔ **Zak Crawley** اور **Ben Duckett** کریز پر موجود تھے۔ اُسے اب **2** رن کی سبقت حاصل ہے۔

اس سے پہلے بھارت کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں، **387** رن پر آؤٹ ہو گئی تھی۔ انگلینڈ نے بھی پہلی اننگز میں **387** رن بنائے تھے۔ پانچ میچوں کی یہ سیریز فی الحال ایک - ایک سے برابر ہے۔ ×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆